Asylum Support Partnership
help and advice

March 2012 URDU

کیا آپ تہی دست ہیں اور آپ کی اسائلم (پناہ حاصل کرنے) کی درخواست پر قانونی کاروائی مکمل ہو چکی ہے؟

کیا یو کے بارڈر ایجنسی (UK Border Agency - UKBA) نے آپ کی اسائلم کی درخواست کو رد کردیا ہے؟ کیا آپ کی اسائلم کی اپیلیں بھی ناکام ہو گئی ہیں؟ اگر آپ یو کے بارڈر ایجنسی (UKBA) کی مدد پر انحصار کر رہے ہیں تو UKBA نے آپ کی مدد بند کردی ہوگی ۔ جب اسائلم سیکرز (پناہ تلاش کرنے والوں) کو اپیل کرنے کے مزید حقوق حاصل نہیں رہتے تو UKBA انہیں سابقہ اسائلم سیکرز تصور کرتی ہے۔

عام طور پر حکومتی ادارے آپ سے توقع کرتے ہیں کہ یا تو آپ برطانیہ سے رضاکارانہ طور پر چلے جائیں یا وہ خود آپ کو یہاں سے بھیجنے کے انتظامات کریں گے۔ اگر UKBA آپ کو فوری طور پر برطانیہ سے نہیں بھیج سکتی تو ہو سکتا ہے کہ آپ کو رہائش اور مالی مدد ملنی بند ہوجائے۔

اگر ایسی صورت حال ہے تو آپ UKBA سے بہت محدود مدد کی درخواست کر سکتے ہیں جس کو سیکشن 4 سپورٹ ('Section 4 support') کہا جاتا ہے۔ یہ مدد زیادہ تر ایسے سابقہ اسائلم سیکرز کے لیے ہے جن کے ساتھ بچے نہیں ہیں۔ ایسے اسائلم سیکرز جن کے ساتھ 18 سال سے کم عمر بچے ہیں، کی اس وقت تک مدد جاری رکھی جاتی ہے جب تک کہ وہ برطانیہ سے چلے نہیں جاتے۔

سیکشن 4 سپورٹ کیا ہے؟

اگر آپ سیکشن 4 سپورٹ کے اہل ہیں تو UKBA آپ کو خود کھانا پکانے کی سہولت والی (سیلف کیٹرنگ) رہائش فراہم کرے گی اور کھانے اور بنیادی چیزوں مثلاً طہارت اور غسل کے لوازمات کے لیے 'Azure' کارڈ فراہم کرے گی۔ آپ کو نقد رقم بالکل ادا نہیں کی جائے گی۔ آپ کی 35.39£ فی بندہ کی ہفتہ وار سپورٹ کو پے منٹ کارڈ پر لوڈ کرد یا جائے گا ۔ Azure کارڈ کو ضروریات زندگی کی لازمی اشیاء مثلاً کھانے پینے کی اشیاء، ٹوائلٹ میں استعمال کی چیزیں، صفائی کی اشیاء بعض دکانوں جن میں Asda اور Tesco شامل ہیں ، خریدنے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ Azure پے منٹ کارڈ کے بارے میں مزید معلومات کےلیے درج ذیل ویب سائٹ پر سیکشن 4 سپورٹ Azure پے منٹ کارڈ نامی لیفلیٹ دیکھیں: http://languages.refugeecouncil.org.uk/english/summary.htm#26

اس بات کا امکان ہے کہ آپ کو لندن سے باہر کسی دوسرے علاقے میں رہائش فراہم کی جائے۔ آپ کو رہائش کے لیے صرف ایک پیشکش کی جائے گی اور اگر آپ کسی وجہ سے یہ پیشکش قبول کرنے سے انکار کردیں تو UKBA آپ کی سپورٹ بند کر سکتی ہے۔ صرف غیر معمولی صورتوں میں ہی سیکشن 4 کے تحت مدد حاصل کرنے والے اسائلم سیکرز کو خاندان کے افراد کے نزدیک منتقل کیا جا سکتا ہے۔ اس بات کا بہت زیادہ امکان ہے کہ آپ کو دوسرے افراد کے ساتھ مل کر رہائش استعمال کرنی پڑے۔ اگر کوئی غیر معمولی وجوہات موجود ہیں کہ مل کر رہائش استعمال کرنا آپ کے لیے مناسب نہیں ہے تو آپ کو چاہئیے کہ ان وجوہات کے متعلق UKBA کو تحریری طور پر اطلاع دیں ۔

سیکشن 4 سپورٹ اہلیت کی شرائط کیا ہیں؟

UKBA نے سیکشن 4 سپورٹ منظور کرنے کے لیے بہت سخت شرائط مقرر کی ہوئی ہیں۔ ان شرائط میں سے پہلی شرط یہ ہے کہ آپ بظاہر تہی دست ہیں یا آئندہ 14 دن میں ہونے والے ہیں۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ آپ اور آپ کے ماتحت افراد کے پاس مناسب رہائش /یا کھانے پینے کی چیزیں خریدنے کے وسائل موجود نہیں ہیں / یا آپ اپنی بنیادی ضروریات پورا نہیں کر سکتے جیسا کہ خوراک خریدنا۔ آپ کو واضح کرنا پڑے گا کہ آپ اب تک اپنی ضروریات کس طرح پوری کرتے رہے ہیں اور اس کے لیے کچھ ثبوت فراہم کرنے کی ضرورت ہوگی۔

Asylum Support Partnership is a partnership project hosted by the British Refugee Council
British Refugee Council, (commonly called the Refugee Council) is a company limited by guarantee registered in England and Wales, [No 2727514] and a registered charity, [No 1014576].

آپ کو یہ بھی دکھانا پڑے گا کہ آپ مندرجہ ذیل شرائط میں سے کم از کم **ایک** شرط پر پورا اترتے ہیں:

1. آپ برطانیہ چھوڑ کر اپنے ملک جانے کے لیے معقول اقدامات کر رہے ہیں یا آپ اپنے لیے ایسی صورت حال پیدا کر رہے ہیں کہ آپ ایسا کر سکیں۔
2. یا آپ برطانیہ سے اس لیے نہیں جا سکتے/ سکتیں کیونکہ آپ کی راہ میں جسمانی لحاظ سے کوئی چیز حائل ہے یا کوئی اور طبی وجہ مثال کے طور پر بیماری یا آپ حمل کے آخری مراحل میں ہیں۔
3. یا آپ نے درخواست دی ہے اور عدالتی نظر ثانی کے لیے آپ کو ہائی کورٹ (High Court) جانے کی اجازت مل گئی ہے تاکہ آپ UKBA کی جانب سے اپنی اسائلم کی درخواست رد کیے جانے کو چیلنج کر سکیں (یاد رکھیں کہ سکاٹ لینڈ میں آپ کو صرف یہ دکھانے کی ضرورت ہے کہ آپ نے عدالتی نظر ثانی کی درخواست دی ہے)۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ آپ نے UKBA کو گزارشات بھیجی ہوئی ہیں اور ان پر بھی غور نہیں کیا گیا مثلاً آپ نے اسائلم کی تازہ درخواست دی ہے۔
4. یا آپ اس لیے سفر نہیں کر سکتے کیونکہ آپ کا واپسی کا سفر محفوظ نہیں ہے۔ UKBA کے مطابق فی الحال کوئی ایسا ملک نہیں ہے جس پر اس دلیل کا اطلاق ہوتا ہو۔ اگر اس میں کوئی تبدیلی ہوتی ہے تو آپ کا قانونی نمائندہ یا ون سٹاپ سروس (One Stop Service) ایڈوائزر آپ کو آگاہ کر دے گا۔
5. یا رہائش فراہم کرنا لازمی ہے تاکہ آپ کے انسانی حقوق کی خلاف ورزی نہ ہو۔ مثال کے طور پر اگر آپ نے مزید درخواستیں دی ہیں جن پر ابھی تک توجہ نہیں دی گئی یا جن میں پہلے والا مواد دہرایا نہ گیا ہو یا جن میں تفصیلات شامل نہ ہوں۔

UKBA سیکشن 4 سپورٹ کی ہر درخواست کے موافق اور غیر موافق پہلوؤں پرانفرادی لحاظ سے غور کرتی ہے اور آپ کو دستاویزی ثبوت فراہم کرنے کے لیے کہے گی کہ آپ کیوں اپنے آبائی ملک واپس نہیں جا سکتےیا کیوں سفر نہیں کر سکتے۔ یہ ڈاکٹر کی جانب سے خط ہو سکتا ہے جس میں بتایا گیا ہو کہ آپ کیوں سفر نہیں کر سکتے یا اس چیز کا تحریری ثبوت کہ آپ کو ہائی کورٹ میں عدالتی نظر ثانی کی اجازت حاصل ہے۔

میں سیکشن 4 سپورٹ کی درخواست کس طرح دے سکتا ہوں؟

آپ سیکشن 4 سپورٹ کے لئے ASF1 استعمال کرتے ہوئے درخواست دے سکتے ہیں۔ درخواست فارمUKBA کی مندرجہ ذیل ویب سائٹ سے حاصل کئے جاسکتے ہیں: http://www.ukba.homeoffice.gov.uk/asylum/support/apply/section4/ اپنی ون سٹاپ سروس سے رابطہ کریں اور وہ آپ کو مشورہ دیں گے کہ کون سا فارم استعمال کرنا چاہئیے اور وہ درخواست فارم پر کرنے میں آپ کو مدد دیں گے۔ ون سٹاپ سروس ایڈوائزر آپ کا درخواست فارمUKBA کے پاس بھیجے گا تاکہ اس پر غور کیا جاسکے اور وہ آپ کو فیصلے کے متعلق آگاہ کرے گا۔ وہ آپ کو اس مدد کے متعلق بھی معلومات فراہم کر سکتے ہیں جسکی آپ کو ضرورت ہوسکتی ہے مثلاً آپ کی رہائش سے رپورٹنگ سینٹر تک سفر کے اخراجات۔ ون سٹاپ سروسز سے رابطے کی تفصیلات اس لیفلیٹ کے آخر میں دی گئیں ہیں۔

ون سٹاپ سروس کے علاوہ آپ کا قانونی نمائندہ، مقامی لاء سینٹر، سٹیزنز ایڈوائس بیورو (Citizens Advice) یا کوئی ریفیوجی کمیونٹی تنظیم بھی سیکشن 4 سپورٹ کی درخواست دینے میں آپ کی مدد کر سکتی ہے۔

برائے مہربانی نوٹ فرمائیں کہ جونہی آپ کو UKBA کی جانب سے پہلی مدد ختم ہونے کے متعلق خط ملے آپ کو جلد از جلد سیکشن 4 سپورٹ کے لیے درخواست دینے کی ضرورت ہوگی۔

آپ کو درخواست فارم پر دستخط کرنے کی ضرورت ہوگی تاکہ آپ تصدیق کر سکیں کہ آپ سیکشن4 سپورٹ حاصل کرنے کی شرائط اور ضوابط سمجھتے ہیں:

- سیکشن 4 سپورٹ میں بنیادی رہائش شامل ہوگی۔
- UKBA عام طور پر لندن سے باہر رہائش فراہم کرے گی جس کا مطلب ہے کہ آپ کو کسی دوسری جگہ منتقل کیا جا سکتا ہے، 'بلا کسی انتخاب کی سہولت کے' بشرطیکہ ایسے خاص حالات نہ ہوں کہ کیوں آپ کو لندن میں رہائش فراہم کی جانی چاہئے۔
- اہل رہنے کے لئے آپ کو لازمی طور پر مخصوص شرائط پر پورا اترنا ہوگا اورUKBA باقاعدگی کے ساتھ نظر ثانی کرے گی کہ آیا آپ کو اب بھی سیکشن 4 سپورٹ کی ضرورت ہے۔
- اگر آپ کسی بھی ایسی شرط پر پورا نہیں اترتے جس کی بنیاد پر سپورٹ فراہم کی جاتی ہے ، بشمول اطلاع دینے اور مزید معلومات کی درخواستوں کے ، تو سپورٹ دینا بند کی جاسکتی ہے۔
- آپ نے اپنی تمام مالی معلومات ظاہر کرنے کی رضامندی ظاہر کی ہےاور UKBA کو دیگر ایجنسیز کے پاس موجود اپنے ڈیٹا تک رسائی حاصل کرنے کی اجازت دی ہے، بشمول مالی ڈیٹا کہ تاکہ ملکیت چیک کی جاسکے اور فراڈکا پتہ لگایا جا سکے۔

اگر آپ کی درخواست کامیاب رہتی ہے تو UKBA کو آپ کے لیے رہائش تلاش کرنے میں چند دن لگ سکتے ہیں اور وہ آپ کو سفر کا ٹکٹ بھیجیں گے تاکہ آپ اس رہائش گاہ تک جا سکیں۔

سیکشن 4 کے تحت کتنی دیر تک میری مدد کی جائے گی؟

UKBA باقاعدگی سے یہ جائزہ لیتی رہے گی کہ آیا آپ سیکشن 4 سپورٹ کے اہل ہیں۔ وہ چیک کریں گے کہ آیا آپ کے حالات تبدیل ہوگئے ہیں اور آیا اب بھی ایسی رکاوٹیں موجود ہیں جن کی وجہ سے آپ برطانیہ سے نہیں جا سکتے۔

اگر میری سیکشن 4 سپورٹ کیدرخواستناکامرہتیہےتوپھر کیاہوگا؟

اگر UKBA سیکشن 4 سپورٹ کے لیے آپ کی درخواست کو رد کر دیتی ہے تو آپ کو اس انکار کے خلاف اپیل کا حق حاصل ہے۔ ون سٹاپ سروس اس اپیل میں آپ کی مدد کرے گی۔ آپ کو بہت تھوڑے وقت کے اندر اپیل کرنے کی ضرورت ہوگی۔ عموماً UKBA کافیصلےوالاخطآنےکےپانچدنکےاندراندر۔

آپ دوبارہ درخواست دے سکتے ہیں اگر آپ کے حالات اس وقت سے تبدیل ہو گئے ہیں جب آپ نے پچھلی بار سیکشن4 سپورٹ کی درخواست دی تھی۔ اگر آپ کے پاس اپنی اسائلم کی درخواست کی تائید میں کوئی نیا ثبوت موجود ہےتو آپ دوبارہ درخواست دے سکتے ہیں۔ UKBA چیک کرے گی کہ آیا آپ واقعی تہی دست ہیں اور آپ سے پوچھے گی کہ آپ اپنی پچھلی درخواست سے لے کر اب تک کس طرح گزارہ کرتے رہے ہیں۔

دیگر کون سی مدد دستیاب ہے؟

اگر آپ کو جسمانی یا سیکھنے کی معذوریاں لاحق ہیں، آپ کی سماعت یا نظر خراب ہے، آپ ذہنی صحت کے مسائل رکھتے ہیں یا طویل عرصے سے آپ کی صحت خراب ہے تو آپ کو یہ معلوم ہونا چاہئے کہ آیا آپ اپنی مقامی اتھارٹی کے سوشل سروسز (Social Services) ڈپارٹمنٹ سے مدد حاصل کر سکتے ہیں ۔ آپ یا آپ کی جانب سے کسی شخص کو لوکل اتھارٹی کے سوشل سروسز ڈیپارٹمنٹ سے کمیونٹی کئیر کی ضروریات کے جائزے کے لیے کہنا چاہئے۔

اگر آپ سیاسی پناہ کے عمل کے آخری سرے پر پہنچ چکے ہیں اور آپ کو مزید اپیل کے حقوق حاصل نہیں ہیں اور آپ کو سیکشن 4 سپورٹ فراہم کرنے سے انکار کر دیا گیا ہے اور آپ کے پاس اپنے سہارے کے لیے کوئی وسائل نہیں ہیں تو آپ فلاحی اداروں سے مدد حاصل کر سکتے ہیں۔ بعض صورتوں میں لوکل کمیونٹی تنظیمیں مثلاً ریفیوجی کمیونٹی یا مذہبی گروپ گرم کھانا/کھانے پینے کی چیزوں کے پارسل، طہارت اور غسل کے لوازمات یا کپڑے بھی فراہم کر سکتے ہیں۔

یہ معلوم کرنے کے لیے کہ کون سے فلاحی ادارے اس طریقے سے مدد کر سکتے ہیں، آپ اپنی قریبی ون سٹاپ سروس ، مقامی ریڈ کراس (Red Cross) کے دفتر، لوکل سٹیزینز ایڈوائس بیورو یا لوکل ایڈوائس سنٹر سے پوچھ سکتے ہیں یا آپ رابطے کی تفصیلات کے لیے پبلک لائبریری سے بھی پوچھ سکتے ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ آپ کی لوکل اتھارٹی نے ایسے پناہ حاصل کرنے والے افراد اسائلم سیکرز (پناہ تلاش کرنے والوں) کے لیے کوئی ایسی سروس قائم کی ہو جو اس طرح تہی دست اور بے سہارا ہوں۔

ون سٹاپ سروسز

مہاجرین کے لیے کام کرنے والے فلاحی ادارے مثلاً نارتھ آف انگلینڈ ریفیوجی سروس (North of England Refugee Service)، ریفیوجی ایکشن (Refugee Action)، ریفیوجی کونسل (Refugee Council)، سکاٹش ریفیوجی کونسل (Scottish Refugee Council) اور ویلش ریفیوجی کونسل (Welsh Refugee Council) اسائلم سیکرز (پناہ تلاش کرنے والوں) اور ریفیوجیز (مہاجرین) کو مدد اور مشورہ فراہم کرنے والی خاص تنظیمیں ہیں۔ یہ تنظیمیں برطانیہ کے مختلف حصوں میں اپنی ون سٹاپ سروس کے ذریعے رہائش، کھانے پینی کے اخراجات میں مدد، صحت اور دیگر مسائل کے بارے میں معلومات اور مشورہ فراہم کرتی ہیں۔

آپ اپنے علاقے کی ون سٹاپ سروس سے رابطے کی تفصیلات یہاں سے حاصل کر سکتے ہیں:
http://languages.refugeecouncil.org.uk/english/services.htm

آپ کو سزا دی گئی اور اب بیل ایڈریس کی ضرورت ہے

اگر آپ امیگریشن ڈیٹنشن میں ہیں اور بیل درخواست کے لئے رہائش کی ضرورت ہے تو آپ سیکشن 4 بیل ایپلیکیشن فارم (Section 4 Bail Application Form) جو کہ UKBA کی ویب سائٹ پردستیاب ہے، استعمال کرتے ہوئے سیکشن 4 سپورٹ کے لئے درخواست دے سکتے ہیں۔
http://www.ukba.homeoffice.gov.uk/sitecontent/applicationforms/asylum/section_4_bail_application_1.pdf

سیکشن 4 سپورٹ حاصل کرنے کے قابل ہونے کے لئے ، اگر آپ حراست میں ہیں تو ظاہر کریں کہ آپ حراست میں ہیں یا آپ کوئی سے بھی 5 اہلیت کی شرائط پر پورا اترتے ہیں جو کہ اوپر واضح کی گئی ہیں - اس بارے میں مزید معلومات کے لئے کہ آپ کیسے ڈیٹنشن وزیٹر گروپس کے ذریعے بیل کے لئے درخواست دے سکتے ہیں ، مندرجہ ذیل دیکھیں:
http://www.aviddetention.org.uk/index.php?option=com_content&view=category&id=5&Itemid=5
یا بیل فار امیگریشن ڈیٹینیز کے لئے : www.bid.org

Asylum Support Partnership consists of:

North of England Refugee Service, charity number: 1091200 www.refugee.org.uk
Refugee Action, charity number: 283660 www.refugee-action.org.uk
Refugee Council, charity number: 1014576 www.refugeecouncil.org.uk
Scottish Refugee Council, charity number: SC008639 www.scottishrefugeecouncil.org.uk
Welsh Refugee Council, charity number: 1102449 www.welshrefugeecouncil.org